دارُالافتاء اہلسنّت (دعوتِ اسلامی)
Dar-ul-ifta Ahl-e-sunnat

ریفرینس نمبر: Har 4977　　بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ　　تاریخ: 10-10-2018

جامع مسجد کے علاوہ جمعہ ہو سکتا ہے یا نہیں؟

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا نمازِ جمعہ کے لیے جامع مسجد شرط ہے اور دوسری مساجد یا کسی اور جگہ جمعہ کی نماز نہیں ہو سکتی؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نمازِ جمعہ کی ادائیگی کے لیے یہ چھ شرائط ہیں:(1)شہر یا فنائے شہر۔(2)بادشاہِ اسلام یا اس کا نائب، جسے بادشاہ نے جمعہ قائم کرنے کا حکم دیا ہو۔(3)وقتِ ظہر۔(4)خطبہ۔(5)جماعت یعنی امام کے علاوہ کم از کم تین مرد۔(6)اذنِ عام۔

جمعہ کی ان شرائط میں جامع مسجد درکنار، عام مسجد کو بھی جمعہ کے لیے شرط قرار نہیں دیا گیا، لہٰذا جمعہ کی تمام شرائط مکمل ہوں، تو جامع مسجد کی طرح، عام مساجد یا اس کے علاوہ کسی بھی مناسب جگہ پر جمعہ ادا کیا جا سکتا ہے، البتہ جمعہ کا زیادہ ثواب جامع مسجد میں ہے، ہاں اگر دوسری جگہ کا امام، جامع مسجد کے امام سے بڑا عالم یا زیادہ صاحبِ فضیلت ہو، تو اس مسجد میں جمعہ کا زیاد ثواب ہو گا۔

حلبی کبیری میں ہے: ”و المسجد الجامع لیس بشرط و لھذا اجمعوا علی جوازھا بالمصلّی فی فناء المصر“ اور (جمعہ کے لیے) جامع مسجد ہونا شرط نہیں، اسی لیے فقہاءِ کرام کا فنائے شہر میں موجود عید گاہ میں جمعہ پڑھنے کے جائز ہونے پر اجماع ہے۔

(غنیۃ المستملی، صفحہ474، مطبوعہ کوئٹہ)

سیدی اعلیٰ حضرت الشاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن ایک بڑے گھر میں پڑھے گئے جمعہ کے متعلق سوال کے جواب میں فرماتے ہیں: ”جمعہ کے لیے مسجد شرط نہیں، مکان میں بھی ہو سکتا ہے، جبکہ شرائطِ جمعہ پائی جائیں اور اذنِ عام دے دیا جائے۔ لوگوں کو اطلاعِ عام ہو کہ یہاں جمعہ ہو گا اور کسی کے آنے کی ممانعت نہ ہو، تو اگر صورت یہ تھی، وہ لوگ مصیب (یعنی درستی پر) ہوئے۔ ملخصا۔“

(فتاویٰ رضویہ، جلد08، صفحہ460، مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

ایک اور مقام پر فرماتے ہیں: ”جمعہ کا زیادہ ثواب جامع مسجد میں ہے، مگر جب کہ دوسری جگہ کا امام اعلم وافضل ہو۔“

(فتاویٰ رضویہ، جلد08، صفحہ442، مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

واللہ اعلم عزوجل **ورسولہ اعلم** صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

عبدہ المذنب ابو الحسن فضیل رضا العطاری عفی عنہ

29محرم الحرام1440ھ/10اکتوبر2018ء

خوفِ خدا وعشقِ مصطفیٰ کے حصول کیلئے ہر ہفتے کو عشا کی نماز کے بعد امیرِ اہلِ سنّت کا مَدَنی مذاکرہ دیکھنے سننے اور ہر جُمعرات مغرِب کی نَماز کے بعد عاشقانِ رسول کی مَدَنی تحریک، دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں بہ نیتِ ثواب ساری رات گزارنے کی مَدَنی التجاء ہے

نوٹ! دارالافتاء اہلسنت کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے یا تحریر کی تصدیق دارالافتاء اہلسنت کے آفیشل پیج daruliftaahlesunnat کے ذریعے کی جا سکتی ہے۔